PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

کرکٹ ایسوسی ایشنز کی رجسٹریشن پر پی سی بی کا بیان

- اگلا مرحلہ عبوری کمیٹیوں کی تشکیل ہے تاکہ ماڈل دستور کو اپنایا جاسکے اور ایسوسی ایشنز کے معاملات کو اس وقت تک چلایا جاسکے جب تک کہ منتخب عہدیداران اپنے عہدے سنبھال نہیں لیتے
- پی سی بی کی انتظامیہ کے بارے میں تفصیلات یہاں موجود ہیں

لاہور، 3 اگست 2020ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ وضاحت کرتا ہے کہ اس نے رجسٹریشن کے عمل میں سہولت اور تیزی لانے کے مقصد کے تحت اپنے عملے کو چھ کرکٹ ایسوسی ایشنز میں عارضی اور انتظامی اقدام کے طور پر شامل کیا۔ عبوری کمیٹیاں تشکیل پاتے ہی یہ عملہ مستعفی ہوجائے گا۔ پی سی بی اس بات پر بھی زور دیتا ہے کہ پی سی بی کے آئین 2019 کے تحت ایسی کوئی پابندی نہیں جو اس کے ملازمین کو کسی بھی کرکٹ ایسوسی ایشن کو رجسٹر کروانے کے لیے سوسائٹی کا بانی رکن بننے سے روکتی ہو۔

پیر کے روز پی سی بی نے کہا کہ یہ انتظامی طور پر عارضی بندوبست ہے جو اس لیے اپنایا گیا کیونکہ تمام چھ کرکٹ ایسوسی ایشنز کی رجسٹریشن کے لیے یہ وقتی اعتبار سے انتہائی مؤثر، قابل اعتبار اور رسد کے لیے بے حد آسان طریقہ کار تھا۔

پی سی بی نے اس بات پر زور دیا ہے کہ اس کے عملے میں شامل کوئی بھی شخص عبوری کمیٹیوں کا رکن نہیں ہوگا۔ منتخب عہدیداران کے معاملات سنبھالنے تک عبوری کمیٹیاں ہی کرکٹ ایسوسی ایشنز کے روزمرہ امور چلائیں گی۔ یہ اہم ہے کیونکہ پی سی بی کا نظریہ ہے کہ یہ تمام چھ تنظیمیں اپنی کرکٹ کو مکمل خودمختاری سے چلائیں گی، جہاں پی سی بی ایک ریگولیٹری باڈی کی حیثیت سے نگرانی کرے گا اور ضرورت پڑنے پر مددگار ثابت ہوگا۔

پیدا کیے جانے والے اس گمراہ کن تاثر کے برخلاف، پی سی بی سختی سے تردید کرتا ہے کہ پی سی بی کے عملے کے لیے کرکٹ ایسوسی ایشنز کو کوئی بھی فنڈز مختص یا جاری کیے گئے۔ فنڈز کا تعین پی سی بی کے آئین 2019 کی شق 16(9) کے تحت کیا جاتا ہے۔

"پی سی بی کی موجودہ انتظامیہ کی سالمیت، قابلیت اور پیشہ وارانہ مہارات اور کامیابیوں کا احترام کرتے ہوئے اسے بین الاقوامی سطح پر سراہا گیا ہے۔ یہ نظام ڈومیسٹک کرکٹ سے مرکزیت ختم کرنے اور اسے جمہوری بنانے کا عمل ہے۔ یہ وہی دور ہے جہاں پی سی بی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کوڈ آف ایتھکس کو متعارف کروایا گیا۔"

"اسی طرح، پی سی بی کا ماننا ہے کہ غلط، گمراہ کن اور نامکمل معلومات کی بنیاد پر پی سی بی اور ماڈل آئین کی خلاف ورزی کے الزامات عائد کرنا اور اسے تنقید کا نشانہ بنانا، غیر منصفانہ اور بلاجواز ہے۔ پی سی بی شفافیت اور قابلیت پر پختہ یقین رکھتا ہے اور اپنے اعمال اور کارکردگی سے اس کا مظاہرہ بھی کرتا رہے گا۔"

اگلا قدم عبوری کمیٹیوں کی تشکیل ہے، جس کی ذمہ داری:

1) ماڈل دستور کو اپنانا
2) منتخب عہدیداران کے عہدے سنبھالنے تک ایسوسی ایشنز کے معمالات چلانا

عبوری کمیٹی کو پہلے عہدیداران کے انتخاب سے قبل چند معقول اقدامات مکمل کرنے ہوں گے، جو کہ مندرجہ ذیل ہیں:

ا) کلبوں کی سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز سے رجسٹریشن
ب) جنرل باڈی کا سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز کے عہدیداران کا انتخاب
ج) سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز کے منتخب نمائندے کرکٹ ایسوسی ایشنز کی جنرل باڈی تشکیل دیں گے

کرکٹ ایسوسی ایشنز کے قیام کے لیے اٹھائے جانے والے معقول اقدامات میں رکاوٹ پی سی بی کو کرکٹ ایسوسی ایشنز اور سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز پر مشتمل ایک آزادانہ طویل مدتی ڈھانچے کے قیام سے دور لے جائے گی۔

کرکٹ ایسوسی ایشنز کے رجسٹریشن عمل کو جاننے کے لیے عمومی سوالات کے جوابات پر مشتمل دستاویز [یہاں](#) موجود ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Partners

pepsi
easypaisa

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4